سورۃ البلد (90)

(مکی – کل آیات 20)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَاۤ اُقۡسِمُ بِہٰذَا الۡبَلَدِ (1)

اس شہر کی قسم ہے۔

وَ اَنۡتَ حِلٌّۢ بِہٰذَا الۡبَلَدِ (2)

حالانکہ آپ اس شہر میں مقیم ہیں۔

وَ وَالِدٍ وَّ مَا وَلَدَ (3)

اور باپ کی اور اس کی اولاد کی قسم ہے۔

لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِیۡ کَبَدٍ (4)

کہ بے شک ہم نے انسان کو مصیبت میں پیدا کیا ہے۔

اَیَحۡسَبُ اَنۡ لَّنۡ یَّقۡدِرَ عَلَیۡہِ اَحَدٌ (5)

کیا وہ خیال کرتا ہے کہ اس پر کوئی بھی ہرگز قابو نہ پاسکے گا۔

یَقُوۡلُ اَہۡلَکۡتُ مَالًا لُّبَدًا (6)

کہتا ہے کہ میں نے مال برباد کر ڈالا۔

اَیَحۡسَبُ اَنۡ لَّمۡ یَرَہٗۤ اَحَدٌ (7)

کیا وہ خیال کرتا ہے کہ اسے کسی نے بھی نہیں دیکھا۔

اَلَمۡ نَجۡعَلۡ لَّہٗ عَیۡنَیۡنِ (8)

کیا ہم نے اس کے لیے دو آنکھیں نہیں بنائیں۔

وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ (9)

اور زبان اور دو ہونٹ۔

وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ (10)

اور ہم نے اسے دونوں راستے دکھائے۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ (11)

پس وہ (دین کی) گھاٹی میں سے نہ ہو کر نکلا۔

وَمَآ اَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ (12)

اور آپ کو کیا معلوم کہ وہ گھاٹی کیا ہے۔

فَكُّ رَقَبَةٍ (13)

گردن کا چھوڑانا۔

اَوْ اِطْعَامٌ فِىْ يَوْمٍ ذِىْ مَسْغَبَةٍ (14)

یا بھوک کے دن میں کھلانا۔

يَتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ (15)

کسی رشتہ دار یتیم کو۔

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ (16)

یا کسی خاک نشین مسکین کو۔

ثُـمَّ كَانَ مِنَ الَّـذِيْنَ اٰمَنُـوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَـمَةِ (17)

پھر وہ ان میں سے ہو جو ایمان لائے اور انہوں نے ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کی اور رحم کرنے کی وصیت کی۔

اُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (18)

یہی لوگ دائیں والے ہیں۔

وَالَّـذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيَاتِنَا هُـمْ اَصْحَابُ الْمَشْاَمَةِ (19)

اور جنہوں نے ہماری آیتوں سے انکار کیا وہی بائیں والے ہیں۔

عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ (20)

انہیں پر چاروں طرف سے بند کی ہوئی آگ ہے۔